© rasailojaraid.com






● کتاب: اشاریہ ماہنامہ ''الرحیم'' (حیدر آباد) مرتب: سفیر اختر

ضخامت: ۷۶ صفحات قیمت: ۱۰۰ روپے ناشر: دارالمعارف۔ واہ کینٹ

سجاول (ضلع ٹھٹھہ۔ سندھ) سید عبدالرحیم شاہؒ کا خاندان دینی اور دنیوی نیک نامی کے باعث احترام کی نظر سے دیکھا جاتا ہے۔ سید عبدالرحیم شاہ، شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کی خدمات کے بڑے معترف تھے اور ان کے شاگردوں مولانا عبیداللہ سندھیؒ اور مولانا محمد صادقؒ کے احباب میں سے تھے۔ سید عبدالرحیم شاہ نے تحریک خلافت میں مقامی طور پر نمایاں کردار ادا کیا تھا اور انہوں نے سماجی اصلاحی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ان کے بھائی سید محمد ہاشم شاہؒ نے وفات پائی، وہ لاولد تھے۔ مرحوم بھائی کی وراثت سے ملنے والی جائیداد سے انہوں نے ایک مدرسہ ''دارالفیوض ہاشمیہ'' قائم کیا اور سید عبدالرحیم شاہ کی زندگی میں نومبر ۱۹۴۶ء (۱۹۴۷ء میں شاہ صاحب وفات پا گئے) میں، ان کی اہلیہ محترمہ (بی بی زیب النساء) نے اپنے شوہر کی ۱۱۳۵، ایکڑ زرعی زمین کو ''وقف محمد رحیم شاہ'' (یہ عبدالرحیم شاہ کے والد مرحوم تھے) کی صورت میں دے دی۔ ۱۹۵۷ء کے بعد اس وقف کی ذمہ داری محکمہ اوقاف نے اپنے ذمہ لے لی۔

''وقف سید محمد رحیم شاہ'' کے مقاصد کی تکمیل کے لیے ضروری تھا کہ شاہ ولی اللہؒ کی حکمت و فلسفہ کے مطالعہ و تحقیق اور فکر ولی اللّٰہی کی ترویج و اشاعت کے لیے ایک علمی ادارہ قائم کیا جائے۔ چنانچہ فروری ۱۹۶۲ء میں شاہ ولی اللہ اکیڈمی حیدر آباد کا قیام عمل میں آیا۔

اکیڈمی نے دو مجلّے شروع کئے۔ اردو مجلّہ ماہنامہ ''الرحیم'' کا پہلا شمارہ جون ۱۹۶۳ء میں شائع ہوا۔ اس کی مجلس ادارت میں ڈاکٹر عبدالواحد ہالے پوتہ، مولانا غلام مصطفیٰ قاسمی اور مخدوم امیر احمد شامل تھے اور اس کے مدیر پروفیسر محمد سرور تھے۔ ''الرحیم'' باقاعدگی سے شائع ہوتا رہا۔ لیکن ساڑھے پانچ برس کے بعد محکمہ اوقاف مغربی پاکستان نے ایک فیصلے کے تحت اس کی اشاعت روک دی۔ حیدر آباد سے اس کا جو آخری شمارہ شائع ہوا، وہ جولائی اگست ۱۹۶۸ء کا مشترکہ شمارہ تھا۔

''الرحیم'' نے ساڑھے پانچ برس کی اشاعت میں شاہ ولی اللہ کے فکر و فلسفہ اور تحریک ولی اللّٰہی پر اعلیٰ درجے کے مقالات شائع کئے۔

زیر نظر کتاب ''اشاریہ'' (ماہنامہ ''الرحیم'' حیدر آباد جنوری ۱۹۶۳ء۔ اکتوبر ۱۹۶۹ء) جسے جناب سفیر اختر نے محنت اور سلیقے سے مرتب کیا ہے۔ یہ کتاب ''الرحیم'' کے عہد اور خدمات سے متعارف کراتی ہے۔ اشاریہ کی خوبی یہ ہوتی ہے

© rasailojaraid.com